© rasailojaraid.com


# نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

جناب کمال سالار پوری

© rasailojaraid.com

مجھے ایمان کا رستہ دکھایا کملیؐ والے نے
مجھے دوزخ کے شعلوں سے بچایا کملیؐ والے نے

مجھے گھر پہ محبت سے بلایا کملیؐ والے نے
مجھے اپنا مقدس در دکھایا کملیؐ والے نے

دیا اک زندگی کا ضابطہ قرآں کی صورت میں
نظام اس پر چلا کر بھی دکھایا کملیؐ والے نے

جہنم کا بنی جاتی تھی ایندھن نوع انسانی
جہاں بھر کے مقدر کو جگایا کملیؐ والے نے

اکٹھا کر دیا انسان کو پھر دین فطرت پر
خرافات و توہم سے چھڑایا کملیؐ والے نے

بدل کر رکھ دیں گمراہی کی راہیں حکم ربی سے
پلٹ کر رکھ دی انسانوں کی کایا کملیؐ والے نے

مسائل کی جہانگیری سے نمٹے، حل کیا ان کو
قبائل کے تعصب کو مٹایا کملیؐ والے نے

غریبوں سے مٹایا قیصر و کسریٰ کی قوت کو
عقابوں سے ممولوں کو لڑایا کملیؐ والے نے

اخوت کا جہاں آرا تصور دے کے دنیا میں
محبت کا عجب جادو جگایا کملیؐ والے نے

دلوں میں ذات واحد کا تصور کر دیا راسخ
بتوں کا کر دیا ہر جا صفایا کملیؐ والے نے

© rasailojaraid.com